بھٹکا پھرنا [ہ - مص] اُڑا اُڑا فضول پھرنا - آوارہ پھرنا -
بھٹکانا (بھٹ - کا - نا) [ہ - مص] (۱) دھوکا دینا (۲) ڈانواں ڈول پھرانا - گمراہ کرنا -
بھٹکتے پھرنا [ہ - مص] (۱) حیران اور سرگرداں پھرنا (۲) تلاش کرنا - (۳) گم ہونا -
بھٹکنا (بھٹ - نک - نا) [ہ - مص] (۱) راہ بھولنا (۲) آوارہ پھرنا (۳) کسی کو ڈھونڈتے پھرنا (۴) بے چین اور بے قرار ہونا -
بھٹناگر (بھٹ - نا - گر) [ہ - ا - مذکر] کائستھوں کی ایک گوت -
بھٹنی (بھٹ - نی) [ہ - ا - مونث] (۱) بھٹیارن (۲) بھٹہ -
بھٹی (بھٹ - ٹی) [ہ - ا - مونث] (۱) لوہاروں کا آتشدان - بڑا چولہا (۲) دھوبیوں کا آتشدان جس پر کپڑے رکھ کر انھیں بھاپ دیتے ہیں - (۳) کارخانۂ شراب (۴) راجپوتوں کی ایک گوت -
بھٹی پر چڑھانا (۱) بھٹی گرم کرنا (۲) کپڑوں یا کسی شے کو صاف کرنے کے لیے اسے آگ پر پکانا -
بھٹیارا (بھٹ - یا - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) نانبائی (۲) سرائے کا مالک -
بھٹیار پن (بھٹ - یار - پن) [ہ - ا - مذکر] (۱) بلو پچی گری (۲) کمینہ پن - کمینگی -
بھٹیار خانہ (بھٹ - یار - خا - نہ) [ہ - ا - مذکر] سرائے -
بھٹیارن بھٹیاری [ہ - ا - مونث] بھٹیارے کی بیوی -
بھٹیاریوں کی سی لڑائی [مثل] (۱) سخت لڑائی (۲) معمولی بات پر جھگڑا -
بہجت (بہ - جت) [ع - ا - مونث] خوشی - شادمانی - تازگی - سرور -
بھجن (بھ - جن) [س - ا - مذکر] وہ گیت جس میں خدا کی حمد ہو - حمد و ثنا -
بھجنا (بھج - نا) [ہ - مص] اسم جپنا - تسبیح پڑھنا - جپنا - پوجا کرنا -
بھجنگ (بھ - جنگ) [ہ - صف] (۱) نہایت کالا (۲) [مذکر] کالا سانپ -
بھجنگا (بھ - جن - گا) [ہ - ا - مذکر] (۱) ایک سیاہ رنگ کا پرندہ جو کوئل سے ملتا جلتا ہے (۲) نہایت سیاہ -
بھجوانا (بھج - وا - نا) [ہ - مص] بھیجنا کا متعدی المتعدی -
بھجیا (بھ - جیا) [ہ - ا - مذکر] (۱) بھنے ہوئے دانے (۲) بھنے ہوئے چنے جن کے ستو بناتے ہیں (۳) پکا ہوا ساگ -
بھچا (بھ - چا) [ہ - صف] تنگ - دبا ہوا -
بھچنا (بھچ - نا) [ہ - مص] (۱) سمٹنا (۲) دبنا - چپکنا (۳) مجبور ہونا - ٹھٹھرنا -
بھد [ہ - ا - مونث] (۱) کسی چیز کے ریت یا کسی نرم چیز پر گرنے کی آواز (۲) ذلت - بے وقعتی - بدنامی -
بھدا (بھد - دا) [ہ - صف] (۱) بہت موٹا (۲) بدصورت (۳) کاہل -
بہدانہ (بہ - دا - نہ) [ہ - ا - مذکر] بہی کا بیج - ایک مشہور دوا کا نام -
بھدرا (بھد - را) [س - ا - مذکر] (۱) جوتش کی رُو سے منحوس دن یعنی چاند کی دوسری، ساتویں اور بارھویں تاریخ (۲) کسی عزیز کی موت پر سر مونچھ، ڈاڑھی وغیرہ کا منڈانا (۳) [مونث] سری کرشن جی کی ایک استری کا نام -
بھدی (بھد - دی) [ہ - صف] بھدا کی تانیث -
بھر [ہ - صف] (۱) تمام - کل (۲) بھرپور (۳) اندازہ (۴) ہندوؤں کی ایک گوت -
بھر آنا (۱) زخم مندمل ہو جانا (۲) رقت طاری ہونا - رحم آنا (۳) لبریز ہونا -
بھر پانا (۱) وصول کرنا (۲) باز آنا (۳) نجات پانا (۴) کیے کو بھگتنا -
بھر پائی - پورے داموں کی رسید -

بھرپور - پورا - تمام - کمال - اچھی طرح -
بھر پیٹ - اچھی طرح - جی بھر کے -
بھر دینا (۱) لبریز کر دینا (۲) نقصان پورا کرنا (۳) آسودہ کر دینا (۴) آلودہ کرنا (۵) دے دینا (۶) سیراب کرنا -
بھر لینا (۱) پُر کر لینا (۲) وصول کر لینا -
بھرمار - کثرت - بہتات -
بھرا (بھ - را) [ہ - صف] (۱) بھرا ہوا - آباد (۲) موٹا تازہ -
بھرا بھرا - آباد -
بھرا پُرا (۱) آسودہ - آباد (۲) صاحب اولاد (۳) خوش نصیب -
بھرا گھر (۱) آباد گھر (۲) اسباب خانہ داری سے بھرا ہوا مکان -
بھرے بھرے - تیار موٹے تازے -
بھرے بیٹھے ہیں، بھرے ہوئے ہیں (۱) خفا ہیں (۲) شکوے سے پُر ہیں (۳) رونے کو تیار ہیں -
بھرے کو بھرنا - کماتے پیتے پر احسان کرنا -
بھرے میں بھرنا - دولت میں دولت ملانا -
بھڑا (بھڑ - را) [ہ - ا - مذکر] (۱) ترغیب (۲) دھوکا (۳) کبوتروں کے یکبارگی اُڑنے کی آواز -
بھڑا دینا (۱) جھانسا دینا (۲) کبوتروں کو یکبارگی اُڑانا -
بھڑے پر چڑھانا (۱) جھانسے میں لانا (۲) تعریف کر کے کسی بات پر آمادہ کرنا -
بہرا (بہ - را) [ہ - صف و ا - مذکر] وہ شخص جو سُن نہ سکے -
بھرّاٹا (بھر - را - ٹا) [ہ - ا - مذکر] پرندوں کے اُڑنے کی آواز -
بہرام (بہ - رام) [ف - ا - مذکر] (۱) پانچویں آسمان کا ایک ستارہ (۲) عراق کے ایک بادشاہ کا نام جسے گورخر کے شکار کا بہت شوق تھا - اسے عام طور پر بہرام گور کہتے ہیں -
بھرانا (بھ - را - نا) [ہ - مص] (۱) پرندوں کا بچوں کو چوگا دینا (۲) پُر کرانا -
بھرّانا (بھر - را - نا) [ہ - مص] گلا بیٹھ جانا - آواز بھاری ہونا -
بھراؤ (بھ - را - او) [ہ - ا - مذکر] بھرتی - گڑھے وغیرہ بھرنے کی مٹی -
بھرائی (بھ - را - ای) [ہ - ا - مونث] (۱) بھرنے کا فعل (۲) بھرنے کی اُجرت -
بھربھرا (بھر - بھ - را) [ہ - صف] (۱) خستہ - کرارا (۲) بکھرا ہوا -
بھربھری (بھر - بھ - ری) [ہ - صف] بھربھرا کی تانیث - خستہ -
بھرت [ہ - ا - مونث] ایک مرکب دھات کا نام جو جست تانبے اور سیسے سے مرکب ہوتی ہے -
بھرتا (بھر - تا) [ہ - ا - مذکر] اُبلے ہوئے یا بھوبل میں جھلسائے ہوئے پھل، دال، ترکاری وغیرہ جنھیں پیس کر اور بھون بگھار کر سالن کے طور پر تیار کیا جائے -
بھرتا کر دینا (۱) کسی چیز کو کچل کر رگ و ریشہ ایک کر دینا (۲) مجازاً بہت مارنا -
بھرتی (بھر - تی) [ہ - ا - مونث] (۱) بھراؤ (۲) محکمہ جہاں سپاہی وغیرہ نوکر رکھے جاتے ہیں (۳) تکمیل (۴) بے کار اسباب -
بھرتی کا شعر - معمولی شعر جسے صرف غزل پوری کرنے کے لیے داخل کیا گیا ہو -
بھرتی کا مال (۱) سوداگری کا مال (۲) وہ مال جو بہت قیمتی نہ ہو معمولی مال -
بھرتی کرنا - نوکر رکھنا - کسی محکمے میں داخل کرنا -